# 9531 ـ سونے کی گھڑی یا سونے کے مشابہ گھڑی پہننے کا حکم

**سوال**

کیا سونے کی گھڑی، یا گولڈن رنگ کی گھڑی پہننا جائز ہے، گویا کہ سونے کا رنگ ہو ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورتوں کے لیے یہ جائز ہے، لیکن مردوں کے لیے سونے کی گھڑی یا سونے کے پانی والی گھڑی پہننی جائز نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" میری امت کی عورتوں کے لیے سونا اور ریشم حلال کر دیا گیا ہے، اور میری امت کے مردوں پر حرام ہے "

لیکن اگر وہ سونے کے مشابہ ہو اور سونا نہ ہو تو مرد کے لیے بہتر یہی ہے کہ اسے نہ پہنا جائے؛ تا کہ شریعت کی مخالفت کی تہمت سے اس کی عزت محفوظ رہے.